# کیا اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے مساجد میں لاؤڈ اسپیکر کے استعمال سے منع کیا؟

**مجیب:** مولانا محمد کفیل رضا عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** Web-1604

**تاریخ اجراء:** 16 رمضان المبارک 1445ھ / 27 مارچ 2024ء

## دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

کیا اعلیٰ حضرت شاہ امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ کا کوئی فتویٰ موجود ہے کہ مساجد میں لاؤڈ اسپیکر کا استعمال درس و تدریس، وعظ و تقریر یا نماز کے لئے منع ہے؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

لاؤڈ اسپیکر پر نماز یا درس و بیان سے متعلق امامِ اہلسنت، سیدی اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا کوئی فتویٰ موجود نہیں ہے، تاہم فی زمانہ کثیر مستند علمائے کرام کا موقف یہی ہے کہ اسپیکر پر نماز پڑھانے سے نماز ہو جائے گی اور دار الافتاء اہلسنت کا بھی یہی موقف ہے۔ البتہ اگر اسپیکر کی حاجت نہ ہو، تو اختلافِ علماء سے بچنے کے لیے حتی الامکان اسپیکر استعمال نہ کرنا بہتر ہے، لیکن اس صورت میں اسپیکر استعمال کر لیا، تو بھی نماز ہو جائے گی، تاہم اس بات کا دھیان رہے! کہ مائک / لاؤڈ اسپیکر کا غیر ضروری استعمال نہ کیا جائے جب نمازی زیادہ ہوں اور آواز سب تک نہ پہنچتی ہو جب استعمال کیا جائے۔ نیز بقدرِ ضرورت و حسبِ موقع و محل درس و بیان بھی لاؤڈ اسپیکر پر کئے جا سکتے ہیں، شرعاً اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

مفتی محمد نور اللہ نعیمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ارشاد فرماتے ہیں: ”اسپیکر کے ذریعہ افعالِ امام پر اطلاع پا کر پیروی کرنے والے مقتدیوں کی نمازیں جائز ہیں کسی آیت یا حدیثِ متواتر و مشہور اور خبرِ واحد یا اجماعِ امت یا ائمہ کرام سے اس کی حرمت و ممانعت ثابت نہیں۔“ (فتاوی نوریہ، جلد 1، صفحہ 399، دار العلوم حنفیہ، بصیر پور)

مفتی نظام الدین صاحب دامت برکاتہم العالیۃ فرماتے ہیں: ”اب عام سنی مسلمانوں کا، عام شہروں میں تعامل اسی پر ہے کہ بلا جھجک لاوڈا سپیکر پر نماز پڑھتے ہیں۔ اگر لاؤڈ اسپیکر پر نماز کی اقتداء ممنوع قرار دی جائے تو لاکھوں مسلمانوں

کی نمازوں کا فساد لازم آئے گا جو کہ بلاشبہ ایک بہت بڑا حرج ہے۔“(لاؤڈاسپیکر کا شرعی حکم، صفحہ23، مطبوعہ: یوپی، ہند)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net